02/05/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **شبیر الزمان** سے خبریں سُنئے

WAVES

سے متعلق خبر سے WAVES شروعات

چوٹی کانفرنس نے بھارت کی تخلیقی قوت کو WAVES وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ کی WAVES-2025 عالمی پلیٹ فارم پع ایاں کیا ہے ۔ ممبئی میں کل آڈیو ویژول انٹرٹینمنٹ سمٹ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت فلم پروڈکشن ، ڈیجیٹل مواد ، کے عالمی مرکز کے بطور ابھرا ہے ۔ انہوں نے Concerts Live گیمنگ ، فیشن ، میوزک اور کے عالمی مارکیٹ میں 430 ارب ڈالر کی صلاحیت موجود ہے اور آنے Animation کہا کہ نے عالمی WAVES والے دس سال میں اس کے دوگنا ہونے کی امید ہے ۔ نریندر مودی نے کہا کہ توجہ اپنی جانب مبذول کرائی ہے کیونکہ سو سے زیادہ ممالک کے کلا کار ، تخلیق کار ، سرمایہ کار اور پالیسی ساز ایک ہی چھت کے نیچے جمع ہو گئے ہیں ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے جے کے سمادھان دوم پورٹل کے تحت عوامی شکایات کے ازالے کے نظام کی کارکردگی کا جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ شکایات کے ازالے سے متعلق کسی بھی نظام کی کامیابی شکایات کے اندراج سے نہیں بلکہ ان شکایات کے بر وقت ازالے سے یقینی بنتی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ شکایات انتظامی صحت کی تشخیص کا بہترین وسیلہ ہے اور ان کے ازالے سے لوگوں میں گورننس نظام کے تئیں یقین اور بھروسہ بڑھ جاتا ہے ۔

ج

حج 2025 کے لئے عازمین کی روانگی کا سلسلہ چار مئی سے شروع ہو رہا ہے ۔ جموں کشمیر حج کمیٹی نے پہلی پرواز کے ذریعے روانہ ہونے والے عازمین سے کہا ہے کہ وہ چار مئی کو صبح پانچ بجے سے ساڑھے پانچ بجے تک حج
ہاو

س بمنہ پہنچ جائیں ۔ حج انتظامات اور دیگر امور سے متعلق بات کر رہے ہیں جموں کشمیر حج ۓ کمیٹی کے ایگزیکیوٹیو آفیسر ڈاکٹر شجاعت قریشی ۔

SMC

سرینگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر ڈاکٹر اویس احمد نے کارپوریشن کی مالی حصولیابیوں اور وزیر اعظم آواس یوجنا (اربن) کے تحت حاصل کی گئی پیش رفت کا جائزہ لینے کی غرض سے ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ مالی وصولی کارپوریشن کے کام کاج میں کلیدی اہمیت کی حامل ہے ۔ پردھان منتری آواس یوجنا (اربن) کی عمل آوری میں سست روی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ التواءمیں پڑے معاملات کو بغیر تاخیر کے نپٹائیں تاکہ مستحقین کو سکیم کے فوائد حاصل ہو سکیں ۔

PMAY

دیہی ترقی اور پنچایتی راج کی مرکزی وزارت نے پردھان منتری آواس یوجنا گرامین کے تحت آواس پلس 2024 سروے کی آخری تاریخ 15 مئی تک بڑھا دی ہے ۔ سروے کے تحت حاصل پیش رفت سے متعلق بات کرتے ہوئے ڈائریکٹر رورل ڈیولپمنٹ کشمیر شبیر حسین بٹ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

گرمی

گرمی کے موسم میں لوگوں کو کئی طرح کے مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ۔ گرمی سے بچنے اور اس موسم میناحتیاطی تدابیر سے متعلق شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگرمیں ڈیپارٹمنٹ آف میڈسن کے اسسٹنٹ پروفیسر نیورولاجی ڈاکٹر مقصود احمد ڈار نے کہا ۔

درجہ□رارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت13 اعشاریہ 3 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت26 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ